Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:-040-23006606' 23006612-15 (1370)' فیکس:23006606' ای میل:۔proffice@manuu.edu.in' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

28/مئی 2019

اُردو یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی میں داخلے

حیدرآباد،28/مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں مختلف ریگولر کورسز میں میرٹ کی بنیاد پر آن لائن داخلے جاری ہیں۔شعبۂ فارسی میں ریگولر طرز پر بی اے، ایم اے، ڈپلوما ان پرشین اور فارسی پروفیشینسی سرٹیفکیٹ پروگرام میں داخلے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ پروفیسر شاہد نوخیز، صدر شعبہ کے بموجب شعبہ جدید تناظر میں فارسی مطالعات کے بنیادی مقاصد کی تکمیل کے لیے کوشاں ہے۔ فارسی ہمارے قومی وثقافتی ورثہ کی زبان ہونے کی بناء پر فارسی اسکالرز کے لیے نہ صرف تدریسی و تحقیقی اداروں جیسے یونیورسٹی، کالجس، آرکائیوز، میوزیمس، دفاتر، ذخائر آثار قدیمہ میں بلکہ انگریزی زبان پر اضافی مہارت کے ساتھ انہیں قابل رشک تنخواہوں پر کئی بین قومی کمپنیوں میں روزگار کے مواقع حاصل ہیں۔ جیسے Apple, Google, Genpact, Facebook, Amazon وغیرہ۔شعبہ کی جانب سے طلبہ کی Audio Visual کلاسس کی مدد سے مؤثر تربیت کی جاتی ہے۔ یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30/جون ہے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر